HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL



# EFU TAKAFUL EDUCATION AND MARRIAGE PLAN

CHILD GIVES MEANING TO YOUR LIFE AS YOU TO STRIVE TO GIVE THEM BEST

# EFU Takaful Education and Marriage Plan



Parents Love towards their children are always unconditional and this bond for your child gives meaning to your life as you strive to give them best. Being a responsible parent, you will never want your child to suffer any financial problem when they step towards important phase of their life, be it education or marriage. Therefore, to fulfil your child's dreams and aspiration you would want to have an Education and Marriage plan so that you enjoy better growth potential in best days of your life.

EFU Takaful Education & Marriage Plan is a Shariah compliant Takaful plan that provides you with a complete financial planning solution to plan for your children's future education and marriage no matter what uncertainty life unfolds. This Plan has been reviewed and approved by the Shariah Advisor of EFU Life Window Takaful Operations, Mufti Muhammad Ibrahim Essa who is a prominent scholar from Jamiah Darul Uloom Karachi & has a vast experience of Islamic finance and takaful.

## Opportunities for Growth:

**EFU Takaful Growth Fund:** A unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising Shariah-compliant investments. The objective of the Fund is to maximize capital growth by investing in a portfolio spread across a wide range of investments such as Islamic mutual funds, approved equities, term deposits in Islamic Banks and Sukuk Bonds.

**EFU Takaful Conservative Fund*:** EFU Takaful Conservative Fund has a conservative investment allocation strategy and has low risk. This is a unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising of Shariah-compliant government securities, non-equity Shariah-compliant mutual funds, Shariah-compliant short-term deposits, and cash in Islamic banks or Islamic windows of conventional banks.

**EFU Takaful Aggressive Fund:** A unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising Shariah-compliant investments, aimed at maximizing capital growth by using investments with an aggressive market outlook.

**Multiple Funds Option:** Under this option you have a facility to select a mix of two unit linked funds of the plan. Fund mix can be selected in the multiple of 10%. It means that the funds split can be of 90/10, 80/20, 70/30, 60/40 or 50/50.

*EFU Takaful Conservative Fund to be selected by default

## Free Look Period:


**It is a period of 14 days from the receipt date of the membership documents after issuance, in which Participant can review the terms and conditions. In case Participant decides to cancel his membership within a free look period of 14 days from the receipt of the documents, he will be entitled to a full refund of contribution as per relevant clause of PMD less any expenses incurred by EFU Life-WTO in connection with the medical/Clinical examinations.**

## What is Takaful?

Takaful is a Shariah compliant way of safeguarding yourself and your family against future financial losses. A Takaful product assists participants to share their risk on the basis of cooperation, brotherhood, mutuality and solidarity for the common good.

### How does the Takaful Membership operate?

EFU Life's Takaful model is founded on the Wakalah-Waqf principle. Individuals in the community come together for a common purpose and contribute into a Waqf Fund operated by a Takaful Operator to protect themselves against future financial losses. The following pictorial representation summarizes how your Takaful membership will operate with EFU Life-WTO:




## What is Surplus Sharing?

Takaful offers a unique feature of Surplus Sharing to the Participants in addition to risk mitigation benefits. By contributing Tabarru (donation) into the Participant's Takaful Fund (PTF), the participant may be entitled to a share of possible surplus funds. At the end of each year, EFU Life –Window Takaful Operations will determine the surplus in the PTF based on the method approved by the Shariah Advisor and Appointed Actuary.

### What are the benefits of Surplus Sharing?

A part of the surplus may be distributed back to the participant in the form of Bonus Units through additional unit allocation in the Participant's Investment Account (PIA). These Bonus Units will enhance the Cash Value of your Takaful plan.

## Waqf Donation:

Waqf Donation, which depends on the Takaful cover and age of the Participant, will be transferred from Basic Plan Contribution into Participants Takaful Fund (PTF).

## Benefits:

### Continuation Benefit:

On death of participant prior to the maturity of plan, the plan ensures that your child's future remains secure by its Continuation Benefit. This is built into the plan and ensures that all future contributions are paid by Waqf Fund managed by EFU Life following the death of the Takaful Participant until the Plan's maturity date. This means that the funds you had originally planned for your child will still be available for your children.

### Maturity Benefit:

At the end of the Membership Term if the participant is alive so, the maturity benefit will be payable as follows:

• The Basic Cash Value in the Participant's Investment Account (PIA)

PLUS

• The Cash Value from Fund Acceleration Contributions in the Participant's Investment Account (PIA).

## Optional Benefits:

**Takaful Accidental Death Benefit*:**

In case of accidental death of the participant, this rider provides an additional sum covered benefit.

**Takaful Accidental Death and Disability Plus Benefit*:**

This benefit provides funds in case the participant dies due to accidental cause or suffers from a disability due to accident.

**Additional Term Takaful:**

In many circumstances, such as having many family dependents or young children, you may feel that the Basic Sum covered would not provide sufficient financial protection in the unfortunate event of your death. The Additional Term Takaful Benefit enables you to increase the level of life cover.

**Takaful Income Benefit:**

In case of death of the participant during the term of this benefit, a quarterly income is provided to beneficiaries till the remaining policy term of the rider.

**Takaful Waiver of Contribution Benefit:**

In case the participant is unable to follow any occupation due to sickness or accident, the contribution of the plan would be paid by PTF managed by EFU Life.

*__Any one accidental rider can be selected__

## Unit Allocation

Year-wise allocation percentages of the policyholder's contribution for the policy are shown in the table below

| Year | Unit Allocation % |
|---|---|
| 1 | 55% |
| 2 | 80% |
| 3 | 90% |
| 4 - 5 | 100% |
| 6 - 10 | 103% |
| 11 - 25 | 105% |

## Fund Acceleration Contribution:

In case the Participant has extra funds available, the plan provides the flexibility to channel these funds to the Plan and provide a boost to the savings. These lump sum contributions are called Fund Acceleration Contributions (FAC) and can be paid anytime during the years when

policy is active. The minimum FAC amount is Rs. 15,000 per payment.

100% of FAC payments are allocated to purchase units in the selected fund.

## Complete and Partial Surrender:

If your circumstances change and you have a need for cash, you can encash your Plan for the Total Cash Value in the Participant's Investment Account, at any time. Please remember that the value in the early years is likely to be low as the Plan is designed for long term financial planning needs.

Alternatively, you may just want a small proportion of the capital you have built up. This Plan gives you the facility to make partial withdrawals at any time whilst continuing to make contributions. This facility is subject to at least Rs. 25,000 remaining as cash value after such withdrawals and minimum partial withdrawal amount should not be less than 20,000.

## Indexation:

Under this option, the regular contribution will increase every year by 5% of the prior year's contribution

uptill age 55 years, without any medical evidence.

## Claim:

In case of an unfortunate event, you may file your claim intimation through any National bank of Pakistan Aitemad Islamic Banking Branch walk in, visiting the EFU Head Office or by visiting any of the EFU branches in the country. For a swift speedy process you may also call us at our call center (021-111-338-436) or simply visit our website, fill in the intimation form and email it to us at cod@efuhemayahtakaful.com. Thereafter, you will be contacted for next steps.

## Frequently Asked Questions:

**What is the Applicable age and tenure?**

The participant should be between 18 and 65 years old. However, the maximum age at maturity cannot be more than 75 years. The term of the Takaful contract can vary between 10 and 25 years; subject to a maximum age of 75 at maturity.

**What the minimum contribution requirements?**

For the participants the minimum contribution is 15,000 annually.

**What are the charges?**

Following charges apply, on the basic Takaful Plan, are based on the principle of Wakalatul- Istismar:

• An Allocation Fee as per the table above will be charged, after which the remaining part of the contribution is as per the percentages mentioned below.

• An Administration charge of Rs.150 per month will be charged.

• Bid offer spread of 5% of net allocable contribution will be charged.

• Investment Management fee of 1.5% p.a of the Fund Value will be applied.

• Partial Withdrawal Fee: Nil

**Wakala Charge from Waqf Fund: 40% of the Takaful donation.**

## Disclaimer:

• This plan is underwritten by EFU Life- Window Takaful Operations. It is not guaranteed or covered by National bank of Pakistan Aitemad Islamic Banking or its affiliates and is not a National bank of Pakistan Aitemad Islamic Banking product. EFU Life - WTO will be responsible for all underwriting risks.

• National bank of Pakistan Aitemad Islamic Banking is only acting as corporate takaful agent and distributor of the Takaful policies on behalf of EFU Life – Window Takaful Operations to its valued customers.

• Arrangement of Takaful Claims, charges and payments relating to the Takaful Policies shall be the sole and exclusive responsibility of EFU Life - Window Takaful Operations.

• The past performance of the fund is not necessarily a guide to future performance. Any forecast made is not necessarily indicative of future or likely performance of the fund and neither EFU Life-WTO, nor National bank of Pakistan Aitemad Islamic Banking will incur any liability for the same. Please note that investment risk in the selected fund is borne by the participant.

• A personalized illustration of benefits will be provided to you by representative. Please refer to the notes in the illustration for a detailed understanding of the various Terms and Conditions.

• Taxes will be applicable as per the taxation Laws as stipulated by the relevant authorities.

• A description of how the contract works is given in the Participant Membership Documents. This product's brochure only gives a general outline of the product's features and benefits.

• If you have any grievance regarding your Takaful Policy, you may contact EFU Life Window Takaful Operations on (021) 111-EFU-HEM (111-338-436).

efu LIFE

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم الله الرحمن الرحيم

# SHARIAH COMPLIANCE CERTIFICATE
# UNDER RULE 26(1)(e) OF TAKAFUL RULES, 2012
# FOR EFU LIFE ASSURANCE LTD – WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

In the capacity of Shariah Advisor of EFU Life Assurance Ltd – **Window Takaful Operations**, I certify that I have reviewed the EFU Takaful Education and Marriage Plan marketed through National Bank of Pakistan Aitemaad Islamic Banking. It is based on the **Wakalah-Waqf** takaful model. I have also examined all relevant processes and documents including the Participants Membership Document.

Based on Shariah rulings and to the best of my knowledge and belief, the **EFU Takaful Education and Marriage Plan** of EFU Life Assurance Ltd – Window Takaful Operations, investment policy of the Takaful fund, relevant documents and processes are all Shariah compliant.

In my opinion, it is permissible from the Shariah point of view to obtain membership in this product and benefit from it. And Allah knows the best


Dated: 30th June 2022

مفتی
محمد ابراہیم عیسیٰ
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز

Mufti Muhammad Ibrahim Essa
Shariah Advisor

**EFU LIFE ASSURANCE LTD.**
EFU Life House, Plot No. 112, 8th East Street, Phase I, DHA, Karachi, Pakistan
Email: csd@efuhemayahtakaful.com

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL



# ای ایف یو تکافل
# ایجوکیشن اینڈ میرج پلان

آپ کے بچے ہی آپ کی زندگی کا مقصد ہیں جیسا کہ آپ ان کو بہترین دینے کی کوشش کرتے ہیں

# ای ایف یو تکافل ایجوکیشن اینڈ میرج پلان



والدین کی اپنے بچوں کے لئے محبت ہمیشہ غیر مشروط ہوتی ہے اور یہ رشتہ آپ کی زندگی کو ایک مقصد دیتا ہے کیونکہ آپ ان کو زندگی میں کو بہترین بنانے کے لئے محنت کرتے ہیں۔ ذمہ دار والدین ہونے کے ناطے آپ کبھی بھی نہیں چاہیں گے کہ آپ کے بچے کو مالی مسئلہ درپیش ہو جب وہ اپنی زندگی اہم موڑ پر خواہ تعلیم یا شادی تاہم اپنے بچے کے خواب اور خواہشات پورا کرنے کے لئے آپ کو تعلیم اور شادی کے پلان کی ضرورت ہے تاکہ آپ کے سرمائے کی بہترین نشو ونما ہو آپ کی زندگی بہترین دنوں میں ہوں۔

**ای ایف یو ایجوکیشن اینڈ میرج پلان** شرعی اصولوں کے مطابق تکافل پلان ہے جو آپ کے بچے کی تعلیم یا شادی کے لئے آپ کو ایک مکمل مالیاتی منصوبہ فراہم کرتا ہے چاہے زندگی میں کیسی بھی غیر یقینی صورت حال ہو۔ یہ پلان ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے شریعہ مشیر جناب مفتی محمد ابراہم عیسٰی سے منظور شدہ ہے جو کہ جامعہ دارالعلوم کراچی سے فارغ التحصیل ایک مستند عالم دین ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی مالیات اور تکافل کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

## بڑھوتری اور نشو ونما کے لئے مواقع:

**ای ایف یو تکافل گروتھ فنڈ:** یہ یونٹ سے منسلک ایک پارٹیسپنٹس انویسمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔ فنڈ کا مقصد اسلامک میوچل فنڈز، منظور شدہ مالی ایکویٹیز، اسلامی بینکوں میں ٹرم ڈپازٹ اور صکوک بانڈز جیسی متنوع اسکیموں بڑے پیانے پر سرمایہ کاری کر کے حاصل شدہ سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔

**ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ*:** ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ سرمایہ کاری کی تخصیص کی ایک محتاط حکمت عملی رکھتا ہے اور اس میں کم خطرہ شامل ہوتا ہے۔ یہ شریعہ کمپلائنٹ حکومتی سیکیورٹیز، غیرا یکوٹی شریعہ کمپلائنٹ میوچل فنڈز، شریعہ کمپلائنٹ قلیل المدت ڈپازٹس، اسلامی بینکوں میں یا مروجہ بینکوں کی اسلامی ونڈوز میں نقد پر مشتمل یونٹ سے منسلک پارٹسپنٹ انوسٹمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) ہے۔

**ای ایف یو تکافل ایگریسو فنڈ:** یہ یونٹ سے منسلک پارٹیسپنٹس انویسمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔

**متعدد فنڈز کی سہولت (ملٹیپل فنڈز آپشن):** اس سہولت کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ فنڈ کو 10 فیصد کے ملٹیپل کے تحت منتخب کیا جاسکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10 / 90، 20 / 80، 30 / 70، 40 / 60 یا 50 / 50 میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

***ای ایف یو کنزرویٹو فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

**غور و فکر کا دورانیہ (فری لک پریڈ):** اجراء کے بعد رکنیت کی دستاویزات وصول ہونے کی تاریخ سے 14 دن کا وقفہ ہوتا ہے جس میں شریک تکافل شرائط و ضوابط کا جائزہ لے سکتا ہے۔ اگر شریک تکافل دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے غور و فکر کے دورانئے کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتا ہے تو وہ شریک تکافل رکنیت دستاویز کی متعلقہ شق کے مطابق، ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریٹر کے طبی/کلینیکل معائنہ جات کے


سلسلے میں اٹھنے والے اخراجات منہاء کر کے، کنٹر بیوشن کی مکمل ادائیگی کی واپسی کا اہل ہو گا۔

## تکافل کیا ہے؟

تکافل ماہرینِ شریعت کی زیرِ نگرانی تیار کردہ باہمی تعاون کے اصولوں پر مبنی تحفظ اور سرمایہ کاری کا طریقہ کار ہے جو اسلامی اصولوں کے مطابق آپ کو اور آپکے پیاروں کو مستقبل میں آنے والی مالی پریشانیوں ہر مسائل سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ تکافل پروڈکٹس کے ذریعے باہمی تعاون اور بھائی چارے کی بنیادوں پر تکافل پلان کے شرکاء کو غیر متوقع جانی اور مالی نقصانات کی صورت میں مالی تعاون فراہم کیا جاتا ہے۔

## تکافل ممبر شپ کیسے کام کرتی ہے؟

ای ایف یولائف کا تکافل ماڈل وکالۃ وقف کے اصولوں پر مبنی ہے جس میں معاشرے کے کچھ افراد ایک اجتماعی مقصد کے لئے یکجا ہوتے ہیں اور تکافل آپریٹر کے زیرِ انتظام وقف فنڈ میں پیسے جمع کرتے ہیں تا کہ وہ خود کو مستقبل میں ہونے والے مالی نقصانات سے محفوظ کر سکیں۔ درج تصویری خاکہ اس چیز کا خلاصہ بیان کرتا ہے کہ آپ کی تکافل رکنیت ای ایف یولائف وِنڈو تکافل آپریشنز کے ساتھ کس طرح کام کرے گی:




## سرپلس شیئرنگ کیا ہے؟

یہ تکافل پلان شریک تکافل کو مالی خطرات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ سرپلس کی تقسیم کی منفرد خصوصیت بھی پیش کرتا ہے شریک تکافل وقف فنڈ میں تبرع کی بنیاد پر زرِ تکافل دے کر وقف کی شرائط کے مطابق سرپلس کی تقسیم میں حصے دار بھی ہو سکتے ہیں۔ ہر سال کے آخر میں، ای ایف یولائف اپنے شریعہ مشیر اور مقرر کردہ ایکچوری کی منظوری سے قبل تقسیم سرپلس کا تعین کرے گی۔

## سرپلس شیئرنگ کے فوائد کیا ہیں؟

اضافی سرمایے کا ایک حصہ پارٹیسپنٹس انویسمنٹ اکاونٹ (پی آئی اے) میں شامل کیا جاتا ہے۔ یہ اضافی یونٹس/ بونس آپ کے پلان کی نقد مالیت پر بہ حیثیت مجموعی مثبت اثر ڈالتے ہوئے، اس میں نمایاں اضافہ کرتے ہیں۔

## تبرع برائے وقف:

شریکِ تکافل کی عمر اور زرِ تحفظ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے زرِ تکافل سے کچھ رقم پارٹیسپنٹس تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) میں منتقل کی جائے گی۔

## فوائد

**کنٹینیوشن بینیفٹ:** پلان کی اختتامی مدت سے قبل شریک تکافل کی وفات کی صورت میں، یہ پلان اپنے کنٹینیوشن بینیفٹ کے ذریعے آپ کے بچے کے مستقبل کو محفوظ بناتا ہے۔ یہ پلان میں خودکار (بلٹ ان) طور پر موجود ہے اور اس بات کو یقین بناتا ہے کہ شریک تکافل کی وفات کے بعد میچورٹی کی تاریخ تک مستقبل کے تمام زرِتکافل ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریٹرز کے زیرِانتظام وقف فنڈ سے ادا کیئے جائیں گے۔ اس کا مطلب کہ آپ نے اصلاً جو منصوبہ بندی کی تھی آپ کی اولاد کے لئے پھر بھی دستیاب ہو نگے۔

**میچورٹی بینیفٹ:** ممبرشپ کی مدت کے اختتام پر اگر شریک تکافل حیات ہو تو میچورٹی بینیفٹ مندرجہ ذیل ہوگا:

پارٹیسپنٹس انویسمنٹ اکاونٹ (پی آئی اے) کی نقد مالیت

پلس

پارٹیسپنٹس انویسمنٹ اکاونٹ (پی آئی اے) میں اضافی اختیاری کنٹریبیوشنز کی نقد مالیت

### ضمنی فوائد:

- **تکافل ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ*:**

یہ فائدہ شریک تکافل کی حادثاتی وفات پر ایک اضافی رقم فراہم کرتا ہے۔

- **تکافل ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبیلٹی بینیفٹ پلس:*** حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں (جزوی یا مستقل) جو آپ کو مستقل طور پر معذور کردے، یہ اختیاری بینیفٹ ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے

- **ایڈیشنل ٹرم تکافل:**

بہت سے حالات میں، جیسے کہ خاندان میں زیادہ افراد اور چھوٹے بچوں کا ہونا، آپ کی وفات کی صورت میں بنیادی سم کورڈ ضرورت کے مطابق مالیاتی تحفظ فراہم نہیں کر سکے گا۔ ایڈیشنل ٹرم تکافل فائدہ زندگی کے تحفظ/سم کورڈ کو بڑھانے میں مدد فراہم کرے گا۔

- **تکافل انکم بینیفٹ:**

پلان کی مدت کے دوران شریک تکافل کی وفات کی صورت میں اس ضمنی فائدے کی اختتامی مدت تک شریک تکافل کے اہل خانہ کو سہ ماہی آمدنی فراہم کرے گا تاکہ وہ ایک اچھی زندگی بسر کرسکیں۔

- **تکافل ویور آف کنٹریبیوشن:**

کسی بیماری یا حادثے کی صورت میں اگر شریک تکافل کی آمدنی کا ذریعہ نہ رہے تو پلان کا کنٹریبیوشن ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریٹرز کے زیرِانتظام چلنے والے پارٹیسپنٹس تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) سے ادا کیا جائے گا۔

***ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ میں سے صرف ایک کا ہی انتخاب کیا جاسکتا ہے**

## یونٹ کی ایلوکیشن:

شریک تکافل کے کنٹریبیوشن میں پالیسی کے لئے سالانہ مختص کی جانے والی فیصد ذیل میں دی گئی ٹیبل میں دکھائی گئی ہیں:

| پالیسی سال | یونٹ ایلوکیشن |
|---|---|
| 1 | 55فیصد |
| 2 | 80فیصد |
| 3 | 90 فیصد |
| 4سے5 | 100فیصد |
| 6سے10 | 103فیصد |
| 11سے25 | 105فیصد |

## اضافی اختیاری کنٹریبیوشن (فنڈ ایکسلریشن کنٹریبیوشن):

اگر شریک تکافل کے پاس مزید رقم موجود ہو تو آپ اس رقم کو موجودہ پلان میں شامل کر کے اپنی جمع شدہ رقم میں اور اضافہ کر سکتے ہیں۔ اس یکمشت رقم کو اضافی اختیاری کنٹریبیوشن کہتے ہیں اور اس کو دورانِ مدت پلان میں کسی بھی وقت جمع کروایا جا سکتا ہے۔ کم از کم اضافی اختیاری کنٹریبیوشن 15,000 روپے ہے۔

اضافی اختیاری کنٹریبیوشن کی ادائیگیوں کا 100 فیصد منتخب شدہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جاتا ہے۔

## مکمل اور جزوی دستبرداری:

اگر آپ کے حالات تبدیل ہو جائیں اور آپ کو نقد رقم کی ضرورت درپیش ہو تو آپ کسی بھی وقت سرمایہ کاری اکاؤنٹ/ پارٹیسپنٹس انویسمنٹ اکاونٹ (پی آئی اے) میں سے پوری نقد مالیت نکلوا سکتے ہیں۔ ازراہِ کرم یاد رہے کہ شروع کے برسوں میں مالیت بہت کم ہو سکتی ہے کیونکہ یہ پلان دوررس مالی ضروریات کے لحاظ سے تشکیل دیا گیا ہے تاہم اگر آپ سرمایہ اکاؤنٹ میں جمع شدہ رقم کا کچھ حصہ نکالنا چاہتے ہیں تو زرِتکافل رکھتے ہوئے اس کا اختیار آپ کو حاصل ہے بشرطیکہ جزوی سرمایہ نکالنے کی صورت میں اس پلان میں کم سے کم 25,000 روپے کی نقد مالیت موجود ہو، اور کم از کم جزوی دستبرداری کی رقم 20,000 روپے ہے۔

## افراطِ زر (انڈیکسیشن):

اس انتخاب کے کے تحت بغیر کسی میڈیکل ثبوت کے، ہر سال زرِتکافل پچھلے سال کے اصل بنیادی پلان کے زرِتکافل کا 5 فیصد، اطلاق کردہ فوائد میں مناسب اضافے کے ساتھ بڑھ جائے گا۔

## دعوٰی (کلیم):

کسی بھی ناگہانی کی صورت میں، آپ اپنے دعوٰے (کلیم) کی اطلاع نیشنل بینک اعتماد اسلامک بینکنگ کی کسی بھی شاخ میں جا کر، ای ایف یو ہیڈ آفس آ کر یا ملک میں ای ایف یو کی کسی بھی شاخ میں جا کر دے سکتے ہیں۔ فوری عمل درآمد کے لئے آپ ہمارے کال سینٹر 021-111-338-436 پر رابطہ کر سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر موجود اطلاع فارم بھریئے اور ہمیں cod@efuhemayahtakaful.com پر ای میل کر دیجئے۔ بعدازاں، اگلے مراحل سے آگاہ کرنے کے لئے آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔

## عمومی طور پوچھے جانے والے سوالات:

### قابلِ اطلاق عمر اور مدت کیا ہے؟

شریکِ تکافل کی عمر 18 سے 65 کے درمیان ہونی چاہیے۔ البتہ، میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال سے تجاوز نہ کرتی ہو۔ تکافل کی مدت 10 اور 25 سال کے درمیان کم زیادہ ہوسکتی ہے، جو کہ میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ 75 سال کی عمر سے مشروط ہے۔

### کم از کم کنٹریبوشن کی حدود کیا ہیں؟

شرکاء کے لئے کم از کم کنٹریبوشن 15,000 روپے سالانہ ہے۔

### (اخراجات) چارجز کیا ہیں؟

وکالۃ الاستثمار کے اصول کی بنیاد پر، بنیادی تکافل پلان پر درج ذیل چارجز کا اطلاق ہوگا:

- ایلوکیشن فیس درج بالا ٹیبل کے مطابق عائد کی جائے گی۔ جس کے بعد بقیہ زرِ تکافل میں درج ذیل چارجز لاگو ہونگے:
- 150 روپے ماہانہ انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارجز) وصول کئے جائیں گے؛
- ایلوکیشن فیصد کا 5 فیصد بِڈ آفر اسپریڈ کے طور پر وصول کیا جائے گا؛
- فنڈ میں سے 1.5 فیصد سالانہ سرمایہ کاری اخراجات (انوسٹمنٹ مینجمنٹ چارج) کے طور پر وصول کیا جائے گا؛
- جزوی دستبرداری فیس: کچھ نہیں

**وقف فنڈ سے وکالہ فیس: تکافل عطیے / زرِ تعاون کا 40 فیصد**

## انتباہ

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی ہے۔ یہ پروڈکٹ نیشنل بینک آف پاکستان اعتماد اسلامک بینکنگ یا اس کی کسی ذیلی کمپنی کی نہیں ہے اور نہ ہی نیشنل بینک آف پاکستان اعتماد اسلامک بینکنگ اس کا ضامن ہے۔ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز اس سے وابستہ تمام امور کا ذمہ دار ہے۔
- یہ پروڈکٹ ای ایف یو یو ونڈو تکافل آپریشنز نے نیشنل بینک آف پاکستان اعتماد اسلامک بینکنگ کے صارفین کے لئے بنائی ہے اور نیشنل بینک آف پاکستان اعتماد اسلامک بینکنگ گروپ صرف کارپوریٹ تکافل ایجنٹ یا تکافل پالیسیوں کے تقسیم کار کے طور پر کام کر رہا ہے
- تکافل پالیسیوں سے متعلق تکافل کے تمام کلیمز، چارجز اور ادائیگیوں کے لئے ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز ہی واحد اور انفرادی طور پر ذمہ دار ہوگا۔
- فنڈ کی آئندہ کی کارکردگی کا لازمی دارو مدار پچھلی کارکردگی پر نہیں ہوتا۔ کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز اور نہ ہی نیشنل بینک آف پاکستان اعتماد اسلامک بینکنگ کسی چیز کے ذمہ دار ہونگے۔ منتخب کردہ فنڈ میں سرمایہ کاری کے خدشات بہرحال پالیسی کے حامل فرد کو ہی برداشت کرنے ہوں گے
- فوائد کی ایک انفرادی وضاحت ہمارے کنسلٹنٹ کی طرف سے آپ کو فراہم کی جائے گی۔ ازراہِ کرم مختلف شرائط وضوابط کی تفصیلی وضاحت حاصل کرنے کے لئے پالیسی دستاویز کا مطالعہ کریں؛ آپ کی جانب سے پلان کی شرائط وضوابط کی مکمل تفہیم مطلوب ہے
- معاہدہ کن خطوط پر کام کرتا ہے اس کی وضاحت پالیسی کے شرائط وضوابط میں کی گئی ہے۔ یہ کتابچہ پلان کے خدوخال اور فوائد کا ایک عام جائزہ پیش کرتا ہے۔
- تکافل پالیسی سے متعلق کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں آپ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریٹر سے (021-338-436) پر رابطہ کر سکتے ہیں
- متعلقہ اداروں کے مقرر کردہ ٹیکس کے قوانین کے تحت ٹیکسوں کا اطلاق ہوگا

EFU LIFE

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# شرعیہ کمپلائینس سرٹیفکیٹ

## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ - ونڈو تکافل آپریشنز

ای ایف یو لائف ایشورنش لمیٹڈ - ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر ہونے کی حیثیت سے میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ میں ای ایف یو تکافل ایجوکیشن اینڈ میرج پلان کا جائزہ لیا ہے جو کے نیشنل بینک آف پاکستان اعتماد اسلامک بینکنگ کے توصل سے تقسیم کیا جارہا ہے۔ یہ تکافل پلان وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔

نیز میں نے اس مذکورہ اسکیم کے دستاویزی کاغذات اور متعلقہ دیگر امور بشمول سرمایہ کاری وغیرہ کا بغور مطالعہ کیا ہے اور بحمداللہ میں نے ان تمام امور کو شریعت کے مطابق پایا ہے۔ لہٰذا میری رائے میں ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ - ونڈو تکافل آپریشنز کی مذکورہ اسکیم کی رکنیت حاصل کرنا اور اس سے فوائد حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

تاریخ: ۳۰ جون ۲۰۲۲

مُفتی
مُحمد اِبراھیم عیسٰی
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف - ونڈو تکافل آپریشنز

مفتی محمد ابراہیم عیسٰی
شرعی مشیر

## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ

ای ایف یو ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th اسٹریٹ، فیز ون، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔

ای میل: csd@efuhemayahtakaful.com